نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام دھان کی فصل پر زہروں کے اثرات کی آگاہی کیلئے منعقدہ سیمینار میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

کاشتکاروں کو دھان کے پری ہارویسٹ انٹرول کے متعلق آگاہی کیلئے لاہور چیمبر آف کامرس، پیسٹی سائیڈز انڈسٹری محکمہ زراعت پنجاب کے ساتھ مل کر گاؤں کی سطح پر فارمر ڈے کا انعقاد کرے۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور: 07 جولائی 2021 ( ) پاکستان دنیا میں چاول پیدا کرنے والے ممالک میں چوتھے نمبر پر ہے۔مالی سال 21-2020 کے دوران 4.19 ملین ٹن چاول برآمد کئے گئے جس سے 2.04 ارب ڈالرز زرمبادلہ کا حصّول ہوا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ دھان کی برآمدات کو مزید بڑھایا جائے اس لئے کاشتکاروں کو چاول کی فصل پر زہروں کے اثرات میں کمی کیلئے لاہور چیمبر آف کامرس، پیسٹی سائیڈز انڈسٹری محکمہ زراعت پنجاب کے ساتھ مل کر گاؤں کی سطح پر فارمر ڈے کا انعقاد کریں تا کہ کاشتکاروں کو دھان کی فصل پر زرعی زہروں کا سپرے کا پری ہارویسٹ انٹرول (PHI) کے متعلق مکمل آگاہی فراہم کی جا سکے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیرِ اہتمام دھان کی فصل پر زہروں کے اثرات کی آگاہی کیلئے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ زراعت کا شعبہ آپ کی منتخب حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔ وزیر اعظم کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت 300 ارب روپے کی لاگت سے گندم، کماد، تیلدار اجناس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور پانی کے دستیاب وسائل میں بہتری کے مختلف منصوبہ جات پر عملدرآمد جاری ہے۔ان منصوبہ جات میں دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے 6 ارب 32 کروڑ کی خطیر رقم سے دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کو دھان کی فصل پر اندھا دھند زہروں کے سپرے کو کم کرنے بارے راہنمائی کیلئے رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کالا شاہ کاکو کے زیرِ اہتمام تربیتی پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔اس کے علاوہ دھان کے کاشتکاروں کی فصلات کا بھی معائنہ کیلئے ادارہ ہذا میں 6 کروڑ 10 لاکھ روپے کی لاگت سے قائم لیبارٹری کے ذریعے دھان کی فصل کے نمونہ جات لے کر اس پر زرعی زہروں کی جانچ کی جاتی ہے اور یہ لیبارٹری رائس ایکسپورٹر ایسوسی ایشن و دیگر اسٹیک ہولڈرز کو بھی نمونہ جات کی جانچ کیلئے معاون ثابت ہو سکتی ہے۔محکمہ زراعت (توسیع) کاشتکاروں کی فنی راہنمائی و آگاہی کیلئے زرعی زہروں کے درست و بروقت استعمال کے متعلق بروشرز بھی تقسیم کر رہا ہے۔انھوں نے کہا کہ ہمارا باسمتی چاول اپنی خوشبو اور ذائقہ کے اعتبار سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔محکمہ زراعت پنجاب ہائبرڈ باسمتی کی کاشت کو فروغ دے رہا ہے جس سے زرعی زہروں کے مضر اثرات کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیر زراعت نے مزید کہا دھان کی فصل پر زہروں کے اثرات سے نہ صرف برآمدات میں کمی ہوتی ہے بلکہ عوام کی صحت بھی ان کے مضر اثرات سے متاثر ہوتی ہے لہذٰا ان سے بچاؤ کیلئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی پر تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔سیمینار میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) ڈاکٹر محمد اسلم، صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میاں طارق مصباح، سابق صدر لاہور چیمبر اینڈ کامرس شہزاد علی ملک، نائب صدر چیمبر آف کامرس طاہر منظور شاہ سمیت کسان تنظیموں کے نمائندگان صدر کسان اتحاد خالد کھوکھر سمیت رائس ایکسپورٹر ایسوسی ایشن اور میڈیا کے نمائندگان کی کثیر تعداد نے شرکت کی

☆☆☆☆